# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

## پریس ریلیز نمبر:۔ 01

## مورخہ: 25-01-2022

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان میٹرک سالانہ 2022ء مورخہ 10-05-2022 بروز منگل سے شروع ہوگا۔ داخلہ فیس/داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

| جماعت (پارٹ) | گروپ | سنگل فیس کے ساتھ مورخہ 01-02-2022 تا 28-02-2022 | | دوگنا فیس کے ساتھ مورخہ 01-03-2022 تا 14-03-2022 | | تین گنا فیس کے ساتھ مورخہ 15-03-2022 تا 22-03-2022 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | پرائیویٹ | ریگولر | پرائیویٹ | ریگولر | پرائیویٹ | ریگولر |
| پارٹ اول (نہم) | سائنس | 1145/- روپے | 800/- روپے | 1845/- روپے | 1450/- روپے | 2545/- روپے | 2100/- روپے |
| | آرٹس | 1095/- روپے | 750/- روپے | 1745/- روپے | 1350/- روپے | 2395/- روپے | 1950/- روپے |
| پارٹ دوئم (دہم) | سائنس | 1745/- روپے | 1695/- روپے | 2445/- روپے | 2345/- روپے | 3145/- روپے | 2995/- روپے |
| | آرٹس | 1695/- روپے | 1645/- روپے | 2345/- روپے | 2245/- روپے | 2995/- روپے | 2845/- روپے |
| کمپوزٹ (9th + 10th) | سائنس | 2345/- روپے | 2345/- روپے | 3645/- روپے | 3645/- روپے | 4945/- روپے | 4945/- روپے |
| | آرٹس | 2245/- روپے | 2245/- روپے | 3445/- روپے | 3445/- روپے | 4645/- روپے | 4645/- روپے |

بورڈ سے الحاق شدہ وہ ادارہ جات جن کی سنگل فیس گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے معاف کی گئی ہے۔ ان کے ریگولر امیدواران سے سنگل فیس کے شیڈول کے دوران درج ذیل فیس وصول کی جائے گی۔ جبکہ دوگناہ اور تین گناہ شیڈول کے دوران درج بالا فیس وصول کی جائے گی۔

| نمبر شمار | کیٹیگری | سائنس | آرٹس |
|---|---|---|---|
| 1 | نہم فریش | 100/- روپے | 100/- روپے |
| 2 | نہم ری ایڈمشن | 800/- روپے | 750/- روپے |
| 3 | صرف دہم | 995/- روپے | 995/- روپے |
| 4 | کمپوزٹ (نہم+دہم) | 1795/- روپے | 1745/- روپے |

### شرائط:۔

1۔ تمام داخلہ فیسوں کو کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا داخلہ فارم کے ساتھ آن لائن پرنٹ شدہ بنک چالان پر ہی داخلہ فیس جمع کروا کر اپنا داخلہ فارم شیڈول کے مطابق بورڈ دفتر میں دستی/ بذریعہ ڈاک جمع کروائیں۔ (بذریعہ ڈاک آخری تاریخ کو رجسٹری شدہ داخلہ فارم کو صرف سنگل فیس میں تین دن کی رعایت دی جائے گی تاخیر کی صورت میں آئندہ شیڈول کی فیس لاگو ہوگی)

2۔ داخلہ فارم بمعہ جمع شدہ فیس کی ہارڈ کاپی ہر صورت بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کو بذریعہ ڈاک یا دستی بھیجنا لازمی ہوگی۔ جس تاریخ کو ہارڈ کاپی دفتر کو وصول ہوگی اسی تاریخ کا فیس شیڈول لاگو کیا جائے گا۔

3۔ **بورڈ اکاؤنٹ میں جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی ہے۔**

4۔ ادارہ جات ریونیو لسٹ کی تمام کاپیاں بمعہ اصل چالان فارم فنانس برانچ کی فائل میں لگا کر بھجوائیں۔ نیز داخلہ فیس کمپیوٹر سے آن لائن سسٹم کے تحت نکالے گئے بنک چالان پر ہی جمع کروائیں اور ریونیو لسٹ پر درج بنک چالان نمبرز کے مطابق چالان چسپاں کریں۔

5۔ **پرائیویٹ امیدوار پہلی مرتبہ شاملِ امتحان ہونے کے لیے داخلہ فیس کے ساتھ مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس بھی جمع کروائیں گے۔**

6۔ پرائیویٹ امیدوار کے لئے لازم ہوگا کہ وہ داخلہ فارم پر اپنا رہائشی پتہ کا اندراج کرے۔ رہائشی پتہ کسی سکول/کالج/اکیڈمی یا بک ڈپو وغیرہ کا ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔

7۔ پرائیویٹ امیدواران آرٹس گروپ میں پریکٹیکل والا مضمون اختیار کرنے کی صورت میں سائنس گروپ کی فیس جمع کروائیں گے۔

8۔ میٹرک سالانہ/ضمنی 2013ء تا 2021ء میں پارٹ سیکنڈ یا کمپوزٹ میں فیل ہونے والے امیدواران دوبارہ امتحان دیتے وقت سند کی فیس مبلغ -/600 روپے کی ادائیگی سے مستثنیٰ ہوں گے۔

9۔ مارکس امپروو کرنے والے امیدواران بقیہ فیس کے ساتھ سند کی فیس مبلغ -/600 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

10۔ ادارہ جات کی طرف سے Batch بنانے کے بعد کسی بھی صورت دوبارہ Batch اوپن نہ ہوں گے۔لہذا مکمل پڑتال کے بعد ہی Batch بنائے جائیں۔

11۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان امتحانی داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم سنگل فیس کے ساتھ مقرر کردہ تاریخ تک اپنے ادارہ کے ریگولر طلبا و طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس جمع کرواسکیں گے۔تاہم پروسیسنگ فیس اور سند/سرٹیفکیٹ فیس ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم کی امتحانی فیس مع دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔

12۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔سنگل فیس کی مقررہ تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ پروسیسنگ فیس اور سرٹیفکیٹ فیس کسی امیدوار کو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہے۔

**13۔ داخلہ فیس مسلم کمرشل بنک (MCB) اور یو۔بی۔ایل (UBL) کی منظور شدہ برانچز جو کہ فیصل آباد ڈویژن کی حدود میں واقع ہیں میں جمع کروائی جا سکتی ہے۔نیز منی آرڈر/ بنک ڈرافٹ نا قابل قبول ہوگا۔**

دستخط/۔
سیکرٹری

نمبر 02 ایس ایم — مورخہ 25-01-2022

کاپی برائے اطلاع:

01۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن)، فیصل آباد/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ۔چنیوٹ

02۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (سیکنڈری ایجوکیشن)، فیصل آباد/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ۔چنیوٹ

03۔ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائر سیکنڈری سکولوں/ہائی سکولوں کے سربراہان۔

04۔ سیکرٹری صاحبان، انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بورڈز پنجاب و میرپور آزاد جموں کشمیر بورڈ۔

05۔ ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، فیصل آباد۔

06۔ پریس کلب فیصل آباد/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ/چنیوٹ۔

07۔ منیجر یو بی ایل، کوتوالی روڈ، فیصل آباد اور دوسری برانچوں کیلئے 40 کاپیاں۔

08۔ منیجر مسلم کمرشل بنک لمیٹڈ جیل روڈ فیصل آباد اور دوسری برانچوں کے لئے 20 کاپیاں۔

09۔ انچارج خبرنامہ پی ٹی وی/ریڈیو پاکستان، فیصل آباد۔

10۔ کمپیوٹر برانچ برائے ویب سائٹ۔

11۔ داخلی تقسیم

25/1/22

ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن/اجلاسات)
برائے سیکرٹری